https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

دہلی سرکار کے زیر اہتمام منعقدہ 'ایک شام دیویانگ جن کے نام' پروگرام میں

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی رکن ڈاکٹر محمد فیض اللہ خان کی تہنیت و پزیرائی

New Delhi, September 29, 2026

محکمہ سماجی بہبود، حکومتِ دہلی نے معذور افراد کے حقوق، معاشرے میں شمولیت، باوقار اور بااختیار بنانے پر مرکوز ایک پروگرام منعقد کیا جس کا عنوان ''معذور افراد کی بہبود، شمولیت اور بااختیار بنانے کے لیے اقدام– ایک شام دیویانگ جن (معذور افراد) کے نام' تھا۔

اس تقریب میں حکومت ہند کے کابینہ وزیر عزت مآب ڈاکٹر وریندر کمار، دہلی کی وزیر محترمہ ریکھا گپتا جی، حکومتِ دہلی کے وزیر شری رویندر اندر جیت سنگھ جی اور محکمہ سماجی بہبود، حکومتِ دہلی کے اعلیٰ عہدیداران نے شرکت کی۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لیے یہ ایک فخر کا لمحہ تھا کہ پروگرام میں ڈاکٹر محمد فیض اللہ خان (سیکریٹری، ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل ویلفیئر سوسائٹی (زیڈ ایچ ایم ڈبلیو ایس) نوڈل اور شکایات کے ازالے کے مقرر افسر برائے معذور افراد، جامعہ ملیہ اسلامیہ) کی پذیرائی ہوئی اور ان کی تہنیت کی گئی؛ معذور افراد کی تعلیم، بحالی، معاشرتی شمولیت اور انہیں بااختیار بنانے کے شعبے میں ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں ان کی یہ پذیرائی ہوئی تھی۔ معذوری اور سب کے لیے یکساں تعلیمی نظام کے شعبے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی روز افزوں شناخت، معذور افراد کے لیے ایک ایسا ماحول فراہم کرنے کے حوالے سے یونیورسٹی کے مسلسل عزم کو اجاگر کرتی ہے جو سب کو شامل کرنے والا، رسائی کے قابل اور بااختیار بنانے والا ہو۔

اس پروگرام کا ایک خاص طور پر یادگار لمحہ وہ تھا جب جامعہ ملیہ اسلامیہ کے 'چائلڈ گائیڈنس سینٹر' (سی جی سی) سے وابستہ خصوصی ضروریات کے حامل بچوں نے دہلی کی معزز وزیر اعلیٰ، عزت مآب محترمہ ریکھا گپتا جی کا استقبال طلبہ کے ہاتھ سے پینٹ کردہ 'اسٹول' پیش کر کے کیا۔ اس عمل سے خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں، قابلیت اور اعتماد کا بہترین مظاہرہ ہوا۔ پروگرام میں چائلڈ گائیڈنس سینٹر اور 'سینٹر فار ویمنز کنڈینسڈ کورس' کے طلبہ نے شرکت کی اور اپنے حقوق، مراعات، مواقع اور بااختیار بننے کے ذرائع کے بارے میں اہم واقفیت حاصل کی۔

سی جی سی کے طلبہ اور پوری ٹیم کی شرکت نے معذور افراد کے وقار، شمولیت، مساوی شرکت اور انھیں بااختیار بنانے کے حوالے سے جامعہ کے عزم کو اجاگر کیا۔ یہ موقع جامعہ ملیہ اسلامیہ، چائلڈ گائیڈنس سینٹر اور معذوری کے شعبے کے لیے ایک یادگار اور باعثِ فخر لمحہ تھا، جو ایک زیادہ شمولیتی اور بااختیار معاشرے کی تعمیر کی جانب یونیورسٹی کی مسلسل کوششوں کا مظہر ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بصیرت افروز قیادت میں، یونیورسٹی شمولیتی تعلیم، رسائی، بحالی، مساوی مواقع اور معذور طلبہ کی ہمہ جہت ترقی کے تئیں اپنے ادارہ جاتی عزم کو مسلسل مضبوط کر رہی ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ